قرارداد نمبر 797

منجانب:۔ محترمہ آمنہ سردار صاحبہ، رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

چونکہ پاکستان میں اکثر لوگ اور خصوصاً تعلیمی اداروں میں اسلامی ہستیوں اور مقدس مقامات کو انگریزی اصطلاح میں مثلاً مسجد Mosque مکہ شریف کو Mecca اور حضرت محمد ﷺ کے نام MUHAMMAD ﷺ کو مختصر کر کے MOHD لکھا جاتا ہے جو کہ نہایت غلط اور نامناسب ہے جس سے مقدس ہستیوں اور مقامات مقدسہ کی تضحیک ہوتی ہے اور اس کے علاوہ اسلامی نقطہ نظر سے ان انگریزی اور عربی زبان میں ان کے معنی اور مطلب مختلف ہوتے ہیں۔

لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ اسلامی ہستیوں اور مقامات مقدسہ مثلاً مسجد کو Mosque کے بجائے Masjid مکہ شریف کو Mecca کے بجائے Makkah اور حضرت محمد ﷺ کا نام MOHD کو مکمل MUHAMMAD ﷺ لکھا اور پڑھا جائے۔ نیز صوبائی حکومت خود بھی اپنے طور پر کوشش کرے کہ مذکورہ اصطلاح کی تصحیح کر کے باقاعدہ طور پر نوٹیفیکیشن جاری کریں۔ تاکہ دین اسلام کے بارے میں نوجوان نسل کی صحیح رہنمائی ہو سکیں۔